Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20 منٹ

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کرکے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف ، ب ، ج ، د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اسلام میں خلافت یا حکومت کی بنیاد ______ کے عہد میں پڑی۔

الف۔ حضرت محمد ﷺ ب۔ حضرت عمرؓ ج۔ حضرت ابوبکرؓ د۔ حضرت علیؓ

(ii) چڑیا کس شاعر کے سر پر بار بار بیٹھ رہی تھی؟

الف۔ استاد ذوق ب۔ حافظ ویران ج۔ بہادر شاہ ظفر د۔ حیدر علی آتش

(iii) درج ذیل میں سے کون سا سبق علامہ راشد الخیری کی تصنیف ہے؟

الف۔ صاحب بہادر ب۔ محروم وراثت ج۔ سفر کامیابی کی کنجی ہے۔ د۔ پروفیسر حبیب اللہ غضنفر

(iv) شاملِ نصاب مکاتیبِ غالب میں پہلا خط بنام ______ ہے۔

الف۔ مولانا غلام رسول مہر ب۔ منشی ہرگوپال تفتہ ج۔ خواجہ غلام غوث خان بے خبر د۔ نواب حامد علی خان

(v) فاطمہ بنت عبداللہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

الف۔ سارہ ب۔ کلثوم ج۔ اُم عمارہ د۔ زینب

(vi) حالی کی جدید شاعری ______ کا نتیجہ تھی۔

الف۔ تحریکِ دہلی ب۔ تحریکِ لکھنؤ ج۔ تحریکِ علی گڑھ د۔ تحریکِ پاکستان

(vii) صاحب بہادر کا بمبئی میں قیام کتنے دن کا تھا؟

الف۔ دو دن ب۔ چار دن ج۔ چھ دن د۔ آٹھ دن

(viii) ماہر القادری نے شاملِ نصاب نعت کے پہلے شعر میں رسول اللہ ﷺ کے کس لقب کا ذکر کیا ہے؟

الف۔ شافعِ محشر ب۔ ساقیِ کوثر ج۔ رحمتِ دو عالم د۔ اُمّی

(ix) اقبالؒ کی نظم 'طلوعِ اسلام' میں ''مرغِ حرم'' سے کیا مراد ہے؟

الف۔ اہلِ عرب ب۔ اہلِ مکہ ج۔ مسلمان د۔ حرم کے کبوتر

(x) غالب کو کعبے جانے سے کیا چیز روک رہی ہے؟

الف۔ شرم ب۔ گناہ ج۔ پیسے کی کمی د۔ سفر نہ کرنے کی عادت

(xi) ''ابنِ مریم'' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ لقب ب۔ کنیت ج۔ خطاب د۔ عرف

(xii) نظم یا غزل کے شعر کے آخر میں قافیہ کے بعد بار بار اور جوں کا توں آنے والا لفظ شعری اصطلاح میں کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ حسنِ تکرار ب۔ حسنِ تعلیل ج۔ ردیف د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiii) :- علامت ______ ہے۔

الف۔ ندائیہ ب۔ فجائیہ ج۔ تفصیلیہ د۔ وقفہ

(xiv) '' کہ '' قواعد کی رو سے کیا ہے؟

الف۔ حرفِ بیان ب۔ حرفِ جار ج۔ حرفِ جزا د۔ حرفِ شرط

(xv) ایسا فعل جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے، کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ فعل ناقص ب۔ فعل ماضی ج۔ فعل متعدی د۔ فعل لازم

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______

Result.pk

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔
آپ کے جواب صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

**سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں:** (15x2=30)

(i) عکاظ کی وجہ شہرت کیا تھی؟

(ii) بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری کا نتیجہ کیا نکلا؟

(iii) اہلِ عرب کو سفر میں کن مسائل کا سامنا کرنا پڑتا تھا؟ (بحوالہ سبق ’سفر کامیابی کی کنجی ہے‘)

(iv) سیّد انشا نے میر تقی میر کو گدائے متکبر کیوں کہا؟

(v) عورت کی احسان مندی پر علیم شرم کے مارے زمین میں کیوں گڑا جا رہا تھا؟

(vi) رضیہ نے اپنی امی کے نام خط میں کیا لکھا؟

(vii) سبق ’تحفے‘ کے مصنف کو اپنے ملک والوں سے کیا شکایت ہے؟

(viii) احسان دانش مزدور سے یونیورسٹی کے ممتحن کے مقام تک کیوں کر پہنچے؟

(ix) مرزا غالب نے رام پور کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے؟

(x) شاعر نے ’ادائے فرض‘ کو زندگی کیوں قرار دیا ہے؟

(xi) نظم ’شانِ تقویٰ‘ میں ’’بایزید‘‘ سے کس بزرگ ہستی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(xii) غزل کے **پہلے** اور **آخری** شعر کو کیا کہتے ہیں؟ دونوں کی وضاحت تعریف سے کریں۔

(xiii) غم بھی ہے جزوِ زندگی لیکن زندگی اشک اور آہ نہیں
فراقؔ کے درج بالا شعر سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(xiv) شاعر سازِ ہستی کی صدا کو غور سے سننے کی ترغیب کیوں دے رہا ہے؟

(xv) ’’**سرخاب کے پَر لگنا**‘‘ اور ’’**خاطر جمع رکھنا**‘‘ کو جملوں میں استعمال کریں۔

(xvi) **خطاب** اور **لقب** کی تعریف کریں۔

(xvii) **غم کھانا**، **انیس بیس کا فرق** میں قواعد کی رو سے روزمرہ اور محاورہ کی نشاندہی کریں۔

(xviii) ’’مالی نے پھول توڑا‘‘ کی ترکیب لکھیے۔

(xix) ’’**بن**‘‘ اور ’’**طلب**‘‘ کے سابقے اور لاحقے سے ایک ایک لفظ بنائیں۔

ب۔ ’’**قوم کی خاطر ایثار**‘‘ کے موضوع پر کہانی تحریر کریں۔ (5)

Result.PK

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** **سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+4=5)

**الف۔** ''کہ وہ قوم جو اس طرح بنی اس نے دنیا میں کیا کیا کمالات دکھائے۔ ظلمت کو مٹایا ، جہالت کو دور کیا ، علم و حکمت کی روشنی پھیلائی ، اخلاق و صداقت کے نمونے پیش کیے، طلب صادق کا کمال دکھایا ، خلوص و ایثار کا سبق دیا، حکومت میں مساوات دکھائی اور چار دانگ عالم میں اپنی قوت و اُخوّت کا سکہ جمایا۔

**ب۔** اور پُھریرے جسم ان کے آرین ہونے کی چغلی کھا رہے تھے۔ ہو سکتا ہے سال ہا سال کی گردش اور اِمتدادِ زمانہ نے ان کی عادات و خصائل تبدیل کر دیے ہوں اور دھات کے زمانے سے نکل کر ایٹمی دور تک آتے آتے ان کو جوہرِ اصلی میں فرق آ گیا ہو۔

**سوال نمبر۴:** **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

**الف۔**

پھندے سے تیرے کیوں کر، جائے نکل کے کوئی
پھیلا ہوا ہے ہر سُو، عالم میں جال تیرا
ان کی نظر میں شوکت، جچتی نہیں کسی کی
آنکھوں میں بس رہا ہے جن کی جلال تیرا

**ب۔**

لے آیا اپنے ساتھ وہ مردِ وفا سرشت
ہر چیز ، جس سے چشمِ جہاں میں ہو اعتبار
بولے حضورؐ چاہیے فکرِ عیال بھی
کہنے لگا وہ عشق و محبت کا راز دار

**سوال نمبر۵:** **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** (1/2+1/2+2+2=5)

**الف۔**

بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

**ب۔**

کیا مجھ کو داغوں نے سروِ چراغاں
کبھو تو نے آ کر تماشا نہ دیکھا

**ج۔**

یہ مساوات عشق دیکھ فراق
امتیازِ گدا و شاہ نہیں

**سوال نمبر۶:** **دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** (10)

**الف۔** حُبِ وطن

(i) وطن سے انسان کی محبت فطری ہوتی ہے۔
(ii) حُبِ وطن کی انسان کے لیے اہمیت
(iii) وطن کی محبت کے تقاضے
(iv) دیارِ غیر میں وطن کی محبت کی قدر
(v) حُبِ وطن کا جذبہ تعمیرِ وطن پر ابھارتا ہے۔

**ب۔** ایک دلچسپ سفر

(i) زندگی ایک سفر ہے۔
(ii) سفر معلومات کے حصول کا ذریعہ ہوتے ہیں۔
(iii) دلفریب مناظر روح کو سرور بخشتے ہیں۔
(iv) انسانی زندگی میں سفر کی اہمیت
(v) یادگار سفر کبھی فراموش نہیں ہوتا۔



Result.pk

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20 منٹ

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبرا:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) اسلام میں محکمہ قضا کس کی بدولت وجود میں آیا؟

الف۔ حضرت ابوبکرؓ ب۔ حضرت عمرؓ ج۔ حضرت عثمانؓ د۔ حضرت علیؓ

(ii) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

الف۔ ایک نظریہ ب۔ ایک علاقہ ج۔ ایک زبان د۔ ایک ملک

(iii) سبق 'یہ پری چہرہ لوگ' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

الف۔ اے وطن، میرے وطن ب۔ چراغ تلے ج۔ آنگن میں ستارے د۔ کن رس

(iv) سبق 'کرکٹ' کے مصنف کون ہیں؟

الف۔ ابنِ انشا ب۔ وقار انبالوی ج۔ مشتاق احمد یوسفی د۔ میرزا ادیب

(v) ڈاکٹروں نے مرزا فرحت اللہ بیگ کو آنکھوں کے علاج کے لیے کس ملک جانے کا مشورہ دیا؟

الف۔ چین ب۔ جرمنی ج۔ امریکہ د۔ یونان

(vi) یورپ کے کس ملک کی فوج نے طرابلس پر حملہ کیا؟

الف۔ اٹلی ب۔ برطانیہ ج۔ فرانس د۔ سپین

(vii) نظم 'صدیقؓ' کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ ماہر القادری ب۔ علّامہ اقبالؒ ج۔ رفیق خاور د۔ حفیظ جالندھری

(viii) میر انیس کا سال وفات کیا ہے؟

الف۔ 1864ء ب۔ 1874ء ج۔ 1884ء د۔ 1894ء

(ix) نظم 'شانِ تقویٰ' میں کس حکمران کا ذکر ہے؟

الف۔ شاہ مظفر ب۔ بہادر شاہ ظفر ج۔ شاہ جہان د۔ احمد شاہ ابدالی

(x) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ مقطع ب۔ ردیف ج۔ مطلع د۔ قافیہ

(xi) جملے یا عبارت میں پکارنے یا مخاطب کرنے کے لیے کون سی علامت استعمال کی جاتی ہے؟

الف۔ سکتہ ب۔ وقفہ ج۔ رابطہ د۔ ندائیہ

(xii) جس جملے کا فاعل معلوم ہو، اس کے فعل کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ فعل معروف ب۔ فعل مجہول ج۔ فعل لازم د۔ فعل متعدی

(xiii) قواعد کی رو سے 'اگر' کیا ہے؟

الف۔ حرف ربط ب۔ حرف شرط ج۔ حرف جزا د۔ حرف عطف

(xiv) غزل کے ہر شعر کے آخر میں آنے والے ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

الف۔ قافیہ ب۔ ردیف ج۔ مطلع د۔ مقطع

(xv) مسدس کا ہر بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

الف۔ تین ب۔ چار ج۔ پانچ د۔ چھ

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____



Result.pk

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی -II

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جواب صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (15x2=30)

(i) حضرت عمر فاروقؓ نے ممالک مقبوضہ کو کتنے اور کن صوبوں میں تقسیم کیا؟

(ii) شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ علیہ اور ان کے بیٹوں نے مسلمانوں کے کن معاملات کی اصلاح کے لیے کوشش کی؟

(iii) 'مسدس' پر سب سے زیادہ اعتراضات کن لوگوں نے کیے اور ان کا کیا نتیجہ نکلا؟

(iv) غالبؔ نے دہلی کالج کی ملازمت تدریس کیوں قبول نہ کی؟

(v) علیم نے غریب آدمی کا قرض کیسے ادا کیا؟

(vi) گھر والوں پر بیگم تراب علی کا رعب و دبدبہ کس حد تک تھا؟

(vii) فاطمہ بنت عبداللہ کی والدہ نے خواب میں کیا دیکھا؟

(viii) مرزا غالبؔ نے رام پور کی تعریف کن الفاظ میں کی؟

(ix) صنعتی ترقی کا تاریک پہلو کیا ہے؟ (بحوالہ سبق — 'ماحول پر انسانی اثرات')

(x) تحفہ لے کر شکریہ ادا کرنے کے جاپانیوں میں کیا آداب ہیں؟

(xi) حالیؔ کے مطابق عارفوں کو حیرت اور منکروں کو سکتہ کیوں ہے؟

(xii) شاہ مظفر نے اپنے پسندیدہ گھوڑے پر سواری کرنا کیوں ترک کر دی؟

(xiii) حفیظ جالندھری نے ادائے فرض کو زندگی کیوں قرار دیا ہے؟

(xiv) ناصر کاظمی نے موت و زیست کے اسرار و رموز سمجھنے کے لیے کیا مشورہ دیا ہے؟

(xv) ''چراغِ سحری'' اور ''ابرِ نیساں'' کو جملوں میں استعمال کریں۔

(xvi) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف کرتے ہوئے ان کا فرق تحریر کیجیے۔

(xvii) ابنِ مریم ہوا کرے کوئی — میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

درج بالا شعر کا ردیف اور قافیہ لکھیے۔

(xviii) ''حذیفہ نے کھلونا خریدا ہے''۔ دیے گئے جملے کی ترکیب نحوی لکھیں۔

(xix) 'خوش' اور 'خود' کے سابقوں سے ایک ایک لفظ بنائیں۔

ب۔ 'لالچ کی سزا' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔ (05)

Result.pk

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+4=5)

الف۔ ہم نے یہ پست ہمّتی کو ترقی دینے والی بات ملک میں دیکھی ہے، جس کا ظہور اکثر اوقات انھیں لوگوں کی جانب سے ہوا کرتا ہے جو سفر کر چکے ہیں اور ملک میں تجربہ کار کے لقب سے پکارے جاتے ہیں۔ وہ سب اپنی جفاکشی کی دادخواہی کے لیے نوجوانوں سے اکثر بیان کر چکے ہیں کہ سفر میں بڑی تکلیفیں ہوتی ہیں۔ انسان طرح طرح کی مصیبتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

ب۔ رَتّا آنکھ نوک کا بجل، خوب صورت اور گٹھیلے بدن کا نوجوان تھا۔ جب وہ کام سے فارغ ہو کے لٹ پٹی پگڑی باندھ کر چلتا تو ہر نوٹا معلوم ہوتا۔ باڑ گوڑ کا نہایت مضبوط اور بڑا ہی سیدھا سادہ معصوم اور محنتی، نہ معلوم ماں باپ نے کن مجبوریوں کے تحت ایسے لعل کو اپنے سینے سے جُدا کر کے اس جانکاہ مشقت کے جبڑوں میں دے دیا تھا۔

**سوال نمبر۴:** شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔ غبار آلودۂ رنگ ونسب ہیں بال و پر تیرے
تُو اے مُرغِ حرم! اڑنے سے پہلے پرفشاں ہو جا
خودی میں ڈوب جا غافل! یہ سرِّ زندگانی ہے
نکل کر حلقۂ شام و سحر سے جاوداں ہو جا

ب۔ اس مکاں کے شاعرانہ نام سے قطعِ نظر
نام ہو گھر کا تو ایسا ہو جو کر لے دل میں گھر
متفق ہیں گھر کے ایسے نام پر اہلِ زبان
خانۂ زنجیر، چڑیا گھر، کرایہ کا مکان

**سوال نمبر۵:** شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: (1/2+1/2+2+2=5)

الف۔ کیا مجھ کو داغوں نے سروِ چراغاں
کبھو تو نے آ کر تماشا نہ دیکھا

ب۔ ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

ج۔ ہے یہ دُنیا عمل کی جولاں گاہ
میکدہ اور خانقاہ نہیں

**سوال نمبر۶:** دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں: (10)

الف۔ حُبِّ وطن

(i) وطن ایک گھر، جس سے فطری لگاؤ
(ii) حضرت یوسفؑ کا کنعان کے بھکاری کو اپنی حکومت سے بہتر سمجھنا
(iii) وطن سے محبت کے تقاضے
(iv) برِّصغیر کے مسلمانوں کی الگ وطن کی تحریک
(v) انفرادی مفادات کو ملکی مفاد پر قربان کرنا

ب۔ تعلیمِ نسواں

(i) تعلیمِ نسواں کا مفہوم
(ii) اسلام میں تعلیمِ نسواں کی اہمیت
(iii) عورتیں۔ کُل آبادی کا نصف
(iv) تعلیم یافتہ اور اَن پڑھ عورت میں فرق
(v) ملکی ترقی میں خواتین کا کردار



Result.PK